# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : عفت راحت

کلاس 4 کے لئے



## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کتاب ''کہانیاں'' چوتھی جماعت کے بچوں کے لئے منتخب کی گئی ہے۔ مگر اساتذہ چاہیں تو بچوں کی ذہنی سطح اور معیار کے لحاظ سے کلاس کے تعین میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔ یہ ایک مختصر تصوراتی کہانی ہے جس میں سانپ کا کردار ایک اجنبی کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ ہم اس کہانی کے ذریعے بچوں کی تخلیقی اور تحریری صلاحیتیں اجاگر کرسکتے ہیں۔

## سیشن 1

### دوستانہ ماحول میں گفتگو

10 منٹ

- ٹیچر کلاس میں آکر بچوں سے دوستانہ انداز میں ماحول، موسم یا کسی خاص خبر سے متعلق بات چیت کریں تاکہ ماحول میں اپنائیت آجائے۔ بچوں میں کتابیں تقسیم کرنے سے قبل مختلف سوالات کے ذریعے بچوں کو سبق کی طرف متوجہ کریں۔ مثلاً

کون کون بچہ کہانیاں سننا پسند کرتا ہے؟

آپ کو کس قسم کی کہانیاں پسند ہیں؟

قصے کہانیاں سنانے کا کیا مقصد ہے؟

کیا آپ نے ایسی کوئی کہانی سنی ہے جس میں جانور باتیں کرتے ہوں؟

اس قسم کے سوالات کرنے کے بعد ان سے کہیں آیئے آج ہم آپ کو ایسی کہانی سناتے ہیں جس میں سانپ باتیں کرتا ہے۔ بچوں کو کتابیں دینے کے بعد انہیں پانچ منٹ کا وقفہ دیں تاکہ وہ کتاب اور اس کی تصاویر سے لطف اندوز ہوسکیں ورنہ پورا وقت ان کا دل تصویریں دیکھنے میں لگا رہے گا اور پڑھائی پر توجہ کم ہوگی۔

### انگریزی ترجمہ

20 منٹ

- ٹیچر الفاظ کے اتار چڑھاؤ اور تاثرات کے ساتھ کہانی پڑھ کر سنائیں۔ اس دوران جو نئے اور مشکل الفاظ آئیں ان کا مطلب بتاتی بتائیں۔ بعد میں انگریزی ترجمہ بھی بچوں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

| الفاظ | انگریزی | الفاظ | انگریزی |
|---|---|---|---|
| برف | ice | آبادی | population |

| | | | |
|---|---|---|---|
| کہانی | story | صبح سویرے | early morning |
| گاؤں | village | خوبانی | apricot |
| ستانا | to rest | رس بھری | juicy |
| بادشاہ | king | شہزادی | princess |
| سانپ | snake | آلوچے | plums |
| سیب | apple | بھاری | heavy |
| خراٹے | snore | | |

### مشاہدہ

15 منٹ
- ٹیچر اور بچے مل کر کتاب کے ہر صفحے کی تصویر کے متعلق بات کریں۔ پہلے صفحے پر پہاڑ، مرجان، شہروز، برف، گھر وغیرہ ہیں۔ اسی ترتیب سے تمام صفحات کو دیکھیں اور رائے دیں۔ آخر میں بچوں سے شہروز اور مرجان کے بارے میں پوچھیں۔ بچے بولتے جائیں اور ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں۔ مثلاً

مرجان ایک لڑکی ہے۔ اس کے چھوٹے چھوٹے بال ہیں۔ اس کا لباس پہاڑی لڑکیوں کا ہے۔ اس کی شلوار پر چھوٹے چھوٹے پھول بنے ہیں۔ اسی طرح جس کردار کا چاہیں اس کا حلیہ بتائیں اور لکھوائیں۔

## گھر کا کام

- بچے کتاب ''کہانیاں'' پڑھ کر آئیں۔ کلاس میں کتاب پڑھنے کا مقابلہ گروپ کی صورت میں ہوگا۔
- مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لغت سے تلاش کر کے لکھ کر لائیں۔ ہر لفظ کے ایک یا ایک سے زیادہ معنی ہوں تو وہ بھی لکھ کر لائیں۔ (تاکہ بچوں کے الفاظ کے ذخیرے میں اضافہ ہو۔) بچے ان الفاظ کے جملے بھی بنا کر لائیں۔

قصہ۔ ستانا۔ للچانا۔ مرتبہ۔ خراٹے۔ کہانی۔ پھن۔

## سیشن 2

### صحت مند مقابلہ

45 منٹ
- آج کلاس میں پڑھائی کے مقابلے کا دن ہے۔ بچے کہانیاں پڑھنے اور جیتنے کے لئے بہت پرجوش

ہوں گے۔ کلاس کو چار یا اس سے زیادہ گروپس میں تقسیم کر دیں اور ہر گروپ کا لیڈر مقرر کر دیں۔

### نوٹ

- مقابلہ شروع کرنے سے قبل بچوں کو مقابلے کی شرائط واضح طور پر بتائی جائیں۔ مثلاً
پڑھنے میں روانی۔
صاف اور بلند آواز۔
عمدہ لب و لہجہ۔
چہرے کے تاثرات اور ان کا اظہار۔

- پڑھائی شروع کرانے سے قبل بچوں کو پانچ منٹ کا وقفہ دیں اور ہر گروپ لیڈر کو ہدایت کر دیں کہ وہ اپنے گروپ کے ان بچوں کی مدد کریں جو پڑھائی میں زیادہ روانی نہیں رکھتے تاکہ وہ بھی اچھا پڑھ سکیں۔ جتنی دیر بچے پڑھنے کی تیاری کریں اتنی دیر میں ٹیچر بورڈ پر چاروں گروپ کے چار نام مثلاً A-B-C-D لکھ کر ہر گروپ کے بچوں کے نام ترتیب سے لکھیں۔ اب پہلے گروپ سے شروع کریں۔ بچے کا نام بولتی جائیں اور ہر بچے کے پڑھائی کے لحاظ سے نمبر اپنے پاس لکھتی جائیں۔ آخر میں ہر گروپ کے نمبر الگ الگ جمع کر کے بورڈ پر لکھیں۔ سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے گروپ کو اسٹار دیں اور باقی بچے تالیوں سے حوصلہ افزائی کریں۔

### گھر کا کام

- بچے گھر سے کوئی دلچسپ کہانی پڑھ کر آئیں۔ اگر خود نہ پڑھیں تو امی ابو یا کسی بڑے سے کوئی دلچسپ کہانی سن کر آئیں۔ کل کلاس میں بچوں سے وہ کہانیاں سنی جائیں گی۔

## سیشن 3

- آج کلاس میں بچوں سے ان کی پڑھی ہوئی یا سنی ہوئی کہانیاں سنیں۔ بچے باری باری اپنی پسند کی کہانی سنائیں۔ ٹیچر ان کی حوصلہ افزائی کریں اور ساتھ ساتھ تبصرہ بھی کرتی جائیں۔ اگر کسی بچے میں خود اعتمادی کی کمی ہے تو اسے لمبی کہانی سنانے پر اصرار نہ کریں۔ اگر وہ تھوڑی سی بھی کہانی سنا دے تو اس کی حوصلہ افزائی کریں اور پوری کلاس سے تالیاں بجوائیں تاکہ وہ آئندہ کہانی سیشن میں زیادہ 35 منٹ

خود اعتمادی سے شامل ہو۔

10 منٹ

- آخری دس منٹ میں بچوں سے پوچھیں کتاب ''کہانیاں'' میں کون کون سے پھلوں کا ذکر ہوا ہے۔
- پھر ان سے پوچھیں آپ میں سے کون کون پھل شوق سے کھاتا ہے۔
- بچوں کو پھلوں کے فائدے بتائیں۔
- ان کو اس بات کی اہمیت بتائیں کہ پھل کھانا کیوں ضروری ہے۔

## گھر کا کام

- کل ہر بچہ اپنی پسند کا ایک ایک پھل لے کر آئے۔ کلاس میں فروٹ چاٹ بنائی جائے گی۔
- بچے گرمی اور سردی کے پانچ پانچ پھلوں کے نام لکھ کر لائیں۔

# سیشن 4

## سرگرمی

45 منٹ

- آج بچے اپنی مرضی کے پھل لائے ہیں۔ تمام پھلوں کو دھو کر انہیں کاٹ کر پیالوں میں ڈالا جائے۔ ٹیچر اس دوران بچوں کو پھل کھانے کے فائدے بتاتی جائیں۔ مثلاً اس میں ریشہ (fibre) ہوتا ہے جو ہمارے کھانے کو ہضم ہونے میں مدد دیتا ہے۔ خون بنتا ہے۔ طاقت آتی ہے۔ ہر موسم کے لحاظ سے اس موسم کے پھل میں قوت مدافعت ہوتی ہے جس کی وجہ سے بیماریوں سے بچاؤ ہوتا ہے۔ اس میں موجود minerals اور وٹامن جسم کی نشو و نما کے لئے ضروری ہیں۔ یہ ساری باتیں زبانی بتاتی جائیں اور پھل کاٹتی جائیں۔ (خیال رہے کہ چھری یا چاقو کا استعمال بچے ہرگز نہ کریں)۔ بعد میں ٹیچر فروٹ چاٹ میں چینی، نمک، کالی مرچ ڈال کر سب بچوں کو تقسیم کریں۔ سب مل کر کھائیں۔

## گھر کا کام

- کتاب ''کہانیاں'' دوبارہ پڑھیں اور سوچیں کیا یہ کہانی مکمل ہے؟ آپ اس میں مزید کیا اضافہ کر سکتے ہیں؟ اپنی اس کہانی کا انجام بھی لکھیں۔ انجام ایک یا ایک سے زیادہ بھی لکھے جا سکتے ہیں۔ (اس کہانی کے ذریعے بچوں کو یہ بھی سمجھایا جا سکتا ہے کہ اجنبی سے بات نہیں کرنا چاہئے)۔

# سیشن 5

## اخلاقی سبق

20 منٹ

- آج بچے اپنی اپنی کہانیاں اور ان کے انجام لکھ کر لائے ہیں۔ کچھ بچوں سے ان کی لکھی ہوئی کہانی سنیں اور ان کا لکھا ہوا انجام بورڈ پر لکھیں۔ بچے کی بتائی ہوئی کہانی کے اختتام کی تعریف کریں اور آخر میں آپ اپنا سوچا ہوا اخلاقی سبق بھی بورڈ پر لکھ دیں ''اجنبیوں سے بات چیت نہیں کرنی چاہیئے''۔

آپ اس بات کی وضاحت اس طرح کر سکتی ہیں کہ سانپ بچوں کے لئے ایک اجنبی ہے۔ اس نے بچوں کو کہانیوں کا لالچ دے کر ان کے پھل کھائے تھے۔ انہیں کام کرنے سے روکا تھا۔ وہ انہیں مزید کوئی نقصان بھی پہنچا سکتا تھا۔ وغیرہ وغیرہ۔

25 منٹ

- اب کلاس میں بچوں سے پوچھیں کیا وہ آپ کی اس رائے سے متفق ہیں۔ اگر نہیں تو کیوں؟ دلائل دیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا سانپ کی وجہ سے بچوں کو کوئی فائدہ بھی ہوا۔ (انہیں قصے کہانیاں سننے کو ملے۔ ان کی معلومات میں اضافہ ہوا۔) اب کلاس کو دونوں پہلوؤں پر سوچنے کا موقع دیں۔ بچوں کو دو گروپ میں بانٹ کر بات چیت کا موقع دیں۔ اتنی دیر میں ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں جن میں صحیح اور غلط پہلو دونوں لکھیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| اجنبیوں سے بات چیت نہیں کرنی چاہیئے۔ | اجنبیوں سے بات چیت کرنی چاہیئے۔ |
| بچوں کی حفاظت کو خطرہ ہے۔ | ہوسکتا ہے اجنبی کو ہماری مدد کی ضرورت ہو۔ |
| بے مقصد بات چیت سے وقت ضائع ہوتا ہے۔ | شاید اجنبی کو راستہ پوچھنا ہو۔ |
| وہ ان سے غلط کام بھی لے سکتا ہے۔ | ہو سکتا ہے چلتے چلتے وہ بیمار ہو گیا ہو اور ڈاکٹر کی ضرورت ہو۔ |

- بچے اوپر دیئے ہوئے پوائنٹ اور اس کے علاوہ اپنے بنائے ہوئے مزید پوائنٹس نوٹ کریں۔ اس کے بعد بچوں کو دو گروپ میں تقسیم کریں۔ ایک وہ گروپ جو راہگیروں سے بات کرنے کا حامی ہو اور دوسرا وہ جو حامی نہ ہو۔ بچے گروپ کی شکل میں ان پوائنٹس کی مدد سے ایک پیراگراف لکھیں۔ بچوں

کے کام -کے دوران ٹیچر جہاں ضرورت ہو ان کی مدد کریں۔ جب سب گروپ کام مکمل کر لیں تو گروپ لیڈر اپنے لکھے ہوئے پیراگراف کو کلاس کے سامنے پیش کریں۔

## گھر کا کام

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہماری کتاب ''کہانیاں'' کے دو کردار شہروز اور مرجان صبح سویرے اٹھتے' باغ میں جاتے' پھل توڑتے اور گھر لاتے تھے۔ وہ صرف یہی کام کرتے تھے۔ آپ اپنا دن کیسے گزارتے ہیں۔ تفصیل سے لکھیں۔ بعد میں یہ بھی کہ کس کا دن زیادہ اچھی طرح گزرتا ہے۔ (روزانہ ایک ہی طرح کے کام کرنے سے دل اچاٹ ہو جاتا ہے اور پھر کچھ دنوں بعد اس کام میں مزہ بھی نہیں آتا)۔

## سیشن 6

- کلاس میں کچھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ آج وہ بچے پڑھیں جنھوں نے پہلے نہیں پڑھا تھا۔ 10 منٹ

## بچوں کی رائے کا احترام

- کلاس میں بچوں سے بات چیت کرتے ہوئے یہ سوال کریں۔ 35 منٹ

''کہانیاں'' کیسی کتاب ہے؟
اس کی مصنفہ کون ہیں؟
تصاویر کس نے بنائی ہیں؟
کیا تصاویر کہانی کی وضاحت کر رہی ہیں؟
آپ کو اس میں سب سے اچھا کردار کس کا لگا اور کیوں؟
سب سے برا کردار کس کا لگا اور کیوں؟
کہانی میں وہ کون سے جملے ہیں جن سے آپ سب سے زیادہ لطف اندوز ہوئے؟
اس کہانی میں جو زبان استعمال کی گئی ہے وہ کیسی ہے؟

- اس قسم کے سوالات کی مدد سے کتاب پر بچوں کی زبانی رائے لینے کے بعد یہی کام کو پیوں میں کر وائیں۔ تمام پوائنٹس بورڈ پر لکھ دیں تاکہ بچوں کے لئے کام کرنا آسان ہو جائے اور وہ ترتیب وتسلسل کے ساتھ کام کریں۔

جب بچے اپنا کام مکمل کر لیں تو ان سے کہیں کہ کہانی میں سے اپنے پسندیدہ کردار کی تصویر بنائیں۔ بچوں کا کیا ہوا کام سوفٹ بورڈ پر لگائیں۔ اس سے بچوں کی حوصلہ افزائی ہو گی۔ ایک دوسرے کا تبصرہ پڑھ کر لطف اندوز ہوں گے۔ جن بچوں نے زیادہ اچھا نہیں لکھا وہ آئندہ بہتر لکھنے کی کوشش کریں گے۔

# کہانیاں

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

ہم Hub Leather Products (Pvt.) Ltd. کے شکرگزار ہیں
جن کے تعاون سے کتاب اور اس کی ٹیچرز گائیڈ شائع ہوئی۔

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk